www.saharaexpressdaily.com saharaexpressdelhi123@gmail.com ● saharaexpress123@gmail.com ● saharaexpressnews@gmail.com

روزنامہ
سہارا ایکسپریس
دہلی
SAHARA EXPRESS,DELHI

Urdu Daily Published From
Delhi,Patna&Ranchi

No-1

TITLE APPLY Vol:01 Issue:156 13.06.2025 FRIDAY Re.02 Page:08

جلد نمبر:01 شمارہ:۱۵۶/جمعہ/۱۳/جون ۲۰۲۵/مطابق/۱۶/ذی الحجہ/۱۴۴۶ھ/ صفحات:08



# احمد آباد طیارہ حادثے میں کم از کم 200 افراد ہلاک

احمد آباد۔ انڈیا میں حکام نے احمد آباد طیارہ حادثے میں تاحال کم از کم 204 افراد کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے 242 افراد کو لے جانے والے ایئر انڈیا کے طیارے کی منزل لندن تھی تاہم یہ ٹیک آف کے فوری بعد گر کر تباہ ہوا انڈیا میں حکام کا کہنا ہے کہ طیارے پر سوار ایک برطانوی مسافر کے زندہ بچ جانے کی اطلاعات ہیں جنھوں نے بتایا کہ 'ٹیک آف کے 30 سیکنڈ بعد زوردار آواز آئی اور پھر طیارہ تباہ ہو گیا' ایئر انڈیا کے مطابق طیارے پر سوار مسافروں میں 169 انڈین شہری، 53 برطانوی شہری، سات پرتگالی اور ایک کینیڈین شہری سوار تھے احمد آباد پولیس کے سربراہ جی ایس ملک نے بی بی سی کو بتایا ہے کہ طیارہ حادثے میں مرنے والے 204 افراد کی لاشیں نکال لی گئی ہیں۔ ابھی یہ واضح نہیں ہے کہ یہ 204 مسافر جہاز کے مسافر تھے یا پھر جب جہاز تباہ ہوا تو زمین پر بھی مرنے والے اس میں دیگر افراد کی لاشیں بھی شامل ہیں۔ انڈیا ایئر کے حادثے کا شکار ہونے والے طیارے کے ایک مسافر کے زندہ بچ جانے کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق زندہ بچ جانے والے یہ مسافر برطانوی شہری ہیں جنھوں نے اس حادثے سے متعلق میڈیا کو تفصیلات بھی بتائی ہیں۔ احمد آباد کے پولیس کمشنر جی ایس ملک نے خبر رساں ادارے اے این آئی کو بتایا کہ بوئنگ 787-8 ڈریم لائنر فلائٹ میں سیٹ 11A پر ایک مسافر اس حادثے میں زندہ بچ گئے ہیں۔ جی ایس ملک نے کہا ہے کہ زندہ بچ جانے والے مسافر اس وقت ہسپتال میں زیر علاج ہیں' حکام کی طرف سے پہلے شیئر کیے گئے فلائٹ کے ڈیٹا سے پتا چلتا ہے کہ سیٹ 11A پر سوار مسافر وشواش کمار رمیش تھے جو برطانوی شہری ہیں۔ انڈین میڈیا کا کہنا ہے کہ انھوں نے وشواش سے ہسپتال میں بات کی ہے۔ اس زندہ بچ جانے والے مسافر نے میڈیا سے اپنا بورڈنگ پاس شیئر کیا جس پر ان کا نام اور سیٹ نمبر 11A درج تھی۔ اس مسافر نے اس حادثے کی تفصیلات پر بات کرتے ہوئے میڈیا کو بتایا کہ 'ٹیک آف کے تیس سیکنڈ بعد ایک زوردار آواز آئی اور پھر طیارہ گر کر تباہ ہو گیا۔ یہ سب بہت جلدی میں ہوا۔' ایئر انڈیا کے مطابق فلائٹ میں 169 انڈین، 53 برطانوی، سات پرتگالی اور ایک کینیڈین شہری سوار تھے۔ فوٹیج میں طیارہ گرنے کے لمحے اور اسے زمین سے ٹکراتے وقت دھماکہ سنا جا سکتا ہے۔ احمد آباد پولیس کے سربراہ کا کہنا ہے کہ جائے حادثہ سے تقریباً 204 لاشیں نکالی گئی ہیں اور کم از کم 50 میڈیکل طلبا اس وقت ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ حادثے کی وجہ ابھی معلوم نہیں ہو سکی ہے۔ تاہم ماہرین نے بی بی سی ویریفائی کو بتایا کہ اس حادثے میں 'ونگ فلیپس' نے کردار ہو سکتا ہے۔ پاکستان سمیت دیگر ممالک کے رہنماؤں کی جانب سے اس طیارے حادثے پر افسوس اور صدمے کا اظہار کیا گیا ہے۔ اس حادثے کے بارے میں مزید تفصیلات آ رہی ہیں۔ اس بارے میں بی بی سی لائیو پیج پر کوریج جاری ہے۔















